© rasailojaraid.com



# وفات مولانا محمد رمضان سلفی رحمۃ اللہ علیہ

رب کی قدرت ہے مزدوروں کو قلم کار بنادے
آتش و آہن سے لا کر مالک گلزار بنادے

معروف صحافی 'عمدہ اخلاق کے مالک
جس کو چاہے حرم کا حُب دار بنا دے

کہاں مفلر 'نٹ بولٹ 'بنانے والا
آتش و آہن سے لا کر مالک گلزار بنادے

معروف قلم کار رمضان سلفی
رب کی رحمت ہے خادم سید ابرار بنادے

یہ محنت اور لگن یہ جذبہ تبلیغ
تو جسے چاہے اخلاص کا علمدار بنا دے

رکھتا تھا جو مخصوص اسلوب نگارش
اھل توحید کا جسے چاہے سالار بنا دے

وہ جو اک دن کسی مدرسہ میں داخل نہ ہوا
اُسے علم و عمل رشد کا مینار بنادے

واہ اللہ تیری قدرت جلیلہ کے کیا کہنے
اک خاک کے ذرے کو شہکار بنادے

اک سادہ سنجیدہ و فہمیدہ انسان
تیری رحمت اسے خوش نظر و کردار بنا دے

تاجدار رسالت کا خادم میرا سلفی
اے اللہ اسے جنت کا توحقدار بنا دے

تاؔج عمل صالح ہوزاد راہ جس کا
اس بندے کو رحمت اپنی کا دلدار بنا دے

مفلس وفادار بندہ تیرا سلفی
اے اللہ اسے جنت کا حقدار بنا دے

تاؔج آئیں گی یادیں سلفی کی ہمیشہ
تحریر ان کی تو حق کا اظہار بنادے

آیا ہے جو دنیا میں جانا ہے اسے اک دن
ہمیں دین محمد کا وفادار بنادے

سلفی کی طرح جذبہ تبلیغ عطا کر
سنت نبوی کا ہمیں جانثار بنادے

غلبہ دین کے لیئے کٹ جائے یہ گردن
غم عُقبیٰ کیلیئے ھم کو بے قرار بنا دے

**قاری تاج محمد شاکر خطیب پتوکی**



© rasailojaraid.com